ذکر بھی ہے جو کئی سال سے اپنا فرض ادا کر رہا ہے۔ مضامین کی فہرست دیکھیں تو حدیث کے متعلق معلومات دی گئی ہیں، روس کے مسلمانوں میں بیداری کی لہر کا جائزہ لیا گیا ہے، ہندوؤں مسلمانوں دونوں کے لیے دین و دانش کی باتیں ہیں۔ سوال جواب کی بڑی اہمیت ہے، سیرت سرورِ عالم کی جھلکیاں بھی ہیں، نعتیں اور غزلیں اور کئی دیگر مضامین۔ اِس ادارے نے کئی کتب بھی شائع کی ہیں۔

علوم القرآن | مدیر ڈاکٹر اشتیاق احمد ظلی - ادارتی مجلس مشاورت (۱۰ حضرات)

ادارہ علوم القرآن - پوسٹ بکس نمبر ۹۹، سر سید نگر، علی گڑھ ۲۰۲۰۰۲ - انڈیا۔

فی پرچہ /۱۵ روپے (بھارت) سالانہ بھارت سے /۳۰ روپے - پاکستان سے /۷۵ روپے

یہ ششماہی رسالہ علمی و تحقیقی مقالات پر مشتمل ہے۔ اس مرتبہ مولانا فراہی کی تفسیر سورہ لہب، کی حقیقت، قرآن مجید میں معرب الفاظ کی تحقیق، علامہ ابن تیمیہ کا تفسیری ورثہ، علوم قرآن، اور بیسویں صدی کے ہندوستان میں، قرآن مجید کے ہندی تراجم، درۃ التنزیل و غرۃ التاویل کے مصنف کی تحقیق، تقوٰی، قرآنی مضامین کا اشاریہ۔ اور آخر میں چند تبصرے۔ یہ کوشش اگر حسب توقع ترقی کرتی گئی تو اس کے بڑے اثرات ہوں گے اور اس کی وجہ سے کتنے ہی افراد بہت کچھ بن کر میدان میں نکلیں گے۔ ہمارے مسلم معاشرے میں عدمِ استقلال، استعجال کی روش اور پھر جلد جلد بکھر جانے کی عادت ایسی چند خرابیاں ہیں کہ خدا کرے ان سے ادارہ علوم القرآن اور دیگر اچھی تنظیمیں اور ادارے بچ نکلیں۔ ہم اس کوشش کی دلی قدر کرتے ہیں اور خدا سے اس کی ترقی کے لیے دعا کرتے ہیں۔

اسلامی نظام اور ہنگامی حالات | از جناب رانا صابر نظامی - ناشر: صدیقی پبلی کیشنز،

۲۹، او، ریواز گارڈن، لاہور - قیمت: /۳۰ روپے

رانا صابر نظامی سے ایسی ہی کتاب کی توقع تھی کہ اسلامی مسائل و مباحث کے متعلق پہلے ایک دریا سا بہتا نظر آتا ہے، پھر وہ کئی نہروں میں بٹ جاتا ہے اور پھر آگے کئی کھالے اور نالیاں بن جاتی ہیں۔ جانے کتنے ذہنوں کی زمینیں سیراب ہو جاتی ہوں گی۔ اسلامی احکام کی سمجھ، میں انھوں